## ماہ مبارک رمضان کے انتیسویں دن کی دعائیں:

سُبْحَانَ الَّذِی یَعْلَمُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَ مَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَ مَا یَعْرُجُ فِیهَا

پاک ہے کہ جو جانتا ہے زمین میں داخل ہونے اور اس سے خارج ہونے والی چیزوں کو اور جو آسمان سے اترتا ہے اور اس کی طرف بلند ہوتا ہے اور

وَ لَا یَشْغَلُهُ مَا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَ مَا یَعْرُجُ فِیهَا عَمَّا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَ مَا یَخْرُجُ مِنْهَا وَ لَا

اسے زمین میں داخل اور اس سے خارج ہونے والی چیزیں آسمان سے نازل ہونے اور اس طرف بلند ہونے والی چیزوں سے غافل نہیں کرتیں اور

یَشْغَلُهُ مَا یَلِجُ فِی الْاَرْضِ وَ مَا یَخْرُجُ مِنْهَا عَمَّا یَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَ مَا یَعْرُجُ فِیهَا وَ لَا یَشْغَلُهُ

آسمان سے اترنے اور اس میں چڑھنے والی چیزیں زمین میں داخل اور اس سے خارج ہونے والی چیزوں سے غافل نہیں کرتیں اور اسے ایک چیز کا علم

عِلْمُ شَیْءٍ عَنْ عِلْمِ شَیْءٍ وَ لَا یَشْغَلُهُ خَلْقُ شَیْءٍ عَنْ خَلْقِ شَیْءٍ وَ لَا حِفْظُ شَیْءٍ عَنْ حِفْظِ شَیْءٍ وَ لَا

دوسری کے علم سے غافل نہیں کرتا اور ایک چیز کا پیدا کرنا دوسری کے پیدا کرنے سے غافل نہیں کرتا اور ایک چیز کی نگہبانی دوسری کی نگہبانی سے غافل

يُسَاوِيهِ شَيْءٌ وَ لَا يَعْدِلُهُ شَيْءٌ لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَ هُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ سُبْحَانَ اللهِ بَارِئِ

نہیں کرتی اور نہ کوئی چیز اس کے برابر ہے نہ کوئی چیز اس جیسی ہے کوئی چیز اس کی مانند ہے ہی نہیں اور وہ سننے والا دیکھنے والا ہے۔ پاک ہے اللہ

النَّسَمِ سُبْحَانَ اللهِ الْمُصَوِّرِ سُبْحَانَ اللهِ خَالِقِ الْأَزْوَاجِ كُلِّهَا سُبْحَانَ اللهِ جَاعِلِ الظُّلُمَاتِ وَ

جانداروں کا پیدا کرنے والا، پاک ہے اللہ جو صورتیں بناتا ہے۔ پاک ہے اللہ تمام موجودات میں جوڑے بنانے والا۔ پاک ہے اللہ روشنی اور تاریکی

النُّورِ سُبْحَانَ اللهِ فَالِقِ الْحَبِّ وَ النَّوَى سُبْحَانَ اللهِ خَالِقِ كُلِّ شَيْءٍ سُبْحَانَ اللهِ خَالِقِ مَا يُرَى

کا بنانے والا، پاک ہے اللہ دانے اور بیج کو چیرنے والا، پاک ہے اللہ ہر چیز کا پیدا کرنیوالا، پاک ہے اللہ دکھائی دینے والی اور دکھائی نہ دینے والی

وَ مَا لَا يُرَى سُبْحَانَ اللهِ مِدَادَ كَلِمَاتِهِ سُبْحَانَ اللهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔

چیزوں کا پیدا کرنے والا، پاک ہے اللہ اپنے کلمات کو بڑھانے والا، پاک ہے اللہ تمام جہانوں کا پالنے والا۔ (آخری جملے کو تین مرتبہ کہیں۔)

۲۔ اس دن کی دعا جو سید ابن باقیؒ سے منقول ہے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ يَا مَنْ هُوَ أَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدَى وَ أَسْأَلُكَ يَا مَنْ خَلَقَ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ طِبَاقاً وَ

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں، اے وہ ذات جو ہدایت پانے والوں سے سب سے زیادہ آگاہ ہے۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے سات آسمانوں کو ایک

جَعَلَ الْقَمَرَ فِيهِنَّ نُوراً وَ الشَّمْسَ سِرَاجاً يَا مَنْ لَا يُوجَدُ مِنْ دُونِهِ مُلْتَحَداً يَا مَنْ أَحَاطَ بِمَا

دوسرے کے اوپر بنانے والے اس طرح خلق کرنے والے کہ ان میں چاند کو نور اور سورج کو چراغ بنایا۔ اے وہ جس کے سوا کوئی پناہ گاہ نہیں پائی جاتی۔ اے وہ

لَدَيْهِ وَ أَحْصَى كُلَّ شَيْءٍ عَدَداً يَا أَهْلَ التَّقْوَى وَ يَا أَهْلَ الْمَغْفِرَةِ يَا مَنْ هُوَ قَادِرٌ عَلَى أَنْ يُحْيِيَ

جس نے اپنے پاس موجود ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے اور ہر چیز کو شمار کر رکھا ہے۔ اے تقویٰ والے، اے مغفرت والے، اے وہ جو مردوں کو زندہ کرنے پر قدرت رکھتا

الْمَوْتَى يَا مَنْ أَعَدَّ لِلْكَافِرِينَ سَلَاسِلَ وَ أَغْلَالاً وَ سَعِيراً يَا مُرْسِلَ الْمُرْسَلَاتِ وَ الْعَاصِفَاتِ وَ

ہے۔ اے وہ خدا جس نے کافروں کے لیے زنجیریں، طوق، اور بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے۔ اے لگاتار بھیجنے والے ان فرشتوں کو جو تیز رفتاری سے چلنے

النَّاشِرَاتِ وَ الْفَارِقَاتِ وَ الْمُلْقِيَاتِ ذِكْراً يَا مَنْ خَلَقَ الْأَرْضَ كِفَاتاً أَحْيَاءً وَ أَمْوَاتاً وَ جَعَلَ

والے ہیں، (صحیفوں کو) کھول دینے والے ہیں، (حق کو باطل) سے جدا کر دینے والے ہیں اور یاد (خدا کو دلوں میں) ڈالنے والے ہیں۔ اے وہ خدا جس نے

فِيهَا رَوَاسِيَ شَامِخَاتٍ وَ أَسْقَى عِبَادَهُ مَاءً فُرَاتاً أَسْأَلُكَ بِأَنَّكَ أَنْتَ اللهُ الْأَوَّلُ وَ الْآخِرُ وَ

زمین کو قرار گاہ بنایا زندوں کے لیے اور مردوں کے لیے، اور اس نے بلند پہاڑ گاڑ دیئے اور اپنے بندوں کو میٹھا پانی پلایا۔ میں تجھ سے اس وسیلے سے التجا کرتا ہوں

الظَّاهِرُ وَ الْبَاطِنُ وَ أَنْتَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ وَ بِمَا سَأَلَكَ بِهِ السَّائِلُونَ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ أَنْ

کہ تو اللہ اول بھی ہے اور آخر بھی، ظاہر بھی ہے اور باطن بھی اور تو ہر چیز کے بارے میں خوب جانتا ہے۔ میں اس وسیلے سے مانگتا ہوں جس کے ذریعے تیرے صالح

تَرْزُقَنِي فِعْلَ الْخَيْرَاتِ وَ الْعَمَلَ الصَّالِحَ وَ اجْتِنَابَ الْفَوَاحِشِ وَ مَا لَا تَرْضَى بِهِ يَا مَنْ لَا يُعْجِزُهُ

بندوں نے تجھ سے مانگا ہے کہ تو مجھے خیر و بھلائی کے کاموں اور عمل صالح بجالانے کی توفیق دے، برائیوں اور جو کام تجھے ناپسند ہیں ان سے بچنے کی توفیق عطا

شَيْءٌ أَرَادَهُ وَ يَا مَنْ لاَ يَتَعَاظَمُهُ غُفْرَانُ الذُّنُوبِ الْعِظَامِ يَا مَنْ يُقِيلُ الْعَاثِرِينَ وَ يَعْفُو عَنِ

فرما۔ اے وہ خدا جو جس کا ارادہ کرے اس کے انجام دینے سے عاجز نہیں، اے وہ جس کے لیے بڑے بڑے گناہوں کو بخش دینا کوئی بڑا کام نہیں، اے وہ جو

الْمُذْنِبِينَ وَ يَتَكَرَّمُ عَلَى الْمُسِيئِينَ وَ يَفْتَحُ بَابَ التَّوْبَةِ لِلْخَاطِئِينَ ارْحَمْنِي فَإِنَّكَ أَرْحَمُ

لغزشوں کے مرتکب افراد سے درگزر فرماتا ہے اور گناہگاروں کو معاف کر دیتا ہے، برائی کرنے والوں پر کرم کرتا ہے، خطا کاروں کے لیے توبہ کا دروازہ کھول دیتا

الرَّاحِمِينَ وَ أَعْتِقْنِي فِي يَوْمِي هَذَا مِنَ النَّارِ إِنَّكَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ وَ صَلَّى اللهُ عَلَى سَيِّدِنَا

ہے، مجھ پر رحم فرما، بے شک تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ آج کے دن مجھے آتش جہنم سے آزاد کر دے، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے اور اللہ تعالیٰ کا

مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ وَ آلِهِ الطَّاهِرِينَ۔

ہمارے آقا نبی اکرم محمدؐ اور ان کی پاک آلؑ پر درود ہو۔

**۳۔ اس دن کی امام زین العابدین علیہ السلام کے مجموعے سے نقل شدہ دعا:**

يَا مُكَوِّرَ اللَّيْلِ عَلَى النَّهَارِ وَ مُكَوِّرَ النَّهَارِ عَلَى اللَّيْلِ يَا عَالِمُ يَا خَبِيرُ يَا رَبَّ الْأَرْبَابِ يَا سَيِّدَ

اے دن کو رات سے ڈھانپ دینے والے اور رات کو دن میں داخل کرنے والے، اے عالم، اے باخبر، اے مالکوں کے مالک، اے سرداروں کے

السَّادَاتِ يَا لاَ إِلَهَ إِلاَّ أَنْتَ وَحْدَكَ لاَ شَرِيكَ لَكَ يَا مَنْ هُوَ أَقْرَبُ إِلَيَّ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ يَا اللهُ يَا اللهُ

سردار، تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور تو یکتا تیرا کوئی شریک نہیں، اے وہ جو میری شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔ اے اللہ، اے اللہ، اے اللہ،

يَا اللهُ لَكَ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَى وَ الْأَمْثَالُ الْعُلْيَا وَ الْكِبْرِيَاءُ وَ الْآلاَءُ أَسْأَلُكَ أَنْ تُصَلِّيَ عَلَى مُحَمَّدٍ وَ

تیرے لیے ہیں خوبصورت نام، بلند ترین اوصاف اور بڑائی اور نعمتیں ہیں۔ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما، ہم پر آسمانوں

آلِ مُحَمَّدٍ وَ أَنْ تُنْزِلَ عَلَيْنَا مِنَ السَّمَاءِ رَحْمَتَكَ وَ أَنْ تَقْبَلَ صَوْمَنَا وَ صَلاَتَنَا وَ قِيَامَنَا وَ

سے رحمت نازل فرما، ہمارے روزے، نمازیں، قیام، عبادت اور شکر گزاری قبول فرما اور ہمیں اپنی نعمتوں پر شکر کرنے والوں میں سے قرار

عِبَادَتَنَا وَ شُكْرَنَا وَ اجْعَلْنَا لِأَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ اَللَّهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنَ الْمُتَّقِينَ

دے۔ اے اللہ! جس طرح تو نے متقین کے اعمال کو قبول فرمایا ہے اسی طرح ہمارے اعمال کو قبول فرما، جس طرح تو نے مؤمنین کو بخش دیا ہے اسی

وَ اغْفِرْ لَنَا كَمَا غَفَرْتَ لِلْمُؤْمِنِينَ وَ ارْحَمْنَا كَمَا رَحِمْتَ الْمُحْسِنِينَ وَ أَخْرِجْنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى

طرح ہمیں بھی بخش دے، جس طرح تو نے احسان کرنے والوں پر رحم کیا ہے اسی طرح ہم پر بھی رحم فرما اور ہمیں تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں داخل

النُّورِ يَا مَنِ الْعَسِيرُ عَلَيْهِ يَسِيرٌ يَسِّرْ لَنَا قَضَاءَ حَوَائِجِنَا وَ اسْتَجِبْ لَنَا دُعَاءَنَا يَا مُجِيبَ دَعْوَةِ

فرما۔ اے وہ خدا جس کے لیے دشوار بھی آسان ہے! میری حاجتوں کو آسانی سے پورا فرما۔ ہماری دعاؤں کو پورا فرما، اے مضطرب افراد کی پکار کا

الْمُضْطَرِّينَ وَ أَعْطِنَا مَا سَأَلْنَاكَ يَا مُعْطِيَ السَّائِلِينَ وَ ارْزُقْنَا يَا خَيْرَ الرَّازِقِينَ فَإِنَّكَ تَرْزُقُ مَنْ

جواب دینے والے! جو ہم نے مانگا ہے ہمیں عطا فرما، اے سائلین کو عطا کرنے والے۔ اے بہترین رزق دینے والے ہمیں رزق عطا فرما بے شک تو

تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَوْفَ الْعَالِمِينَ وَ خُشُوعَ الْعَابِدِينَ وَ عِبَادَةَ الْمُخْلِصِينَ وَ

جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔اے اللہ! میں تجھ سے عالموں جیسا خوف، عابدوں جیسا خشوع،مخلصین جیسی عبادت،خاشعین جیسا

إِخْلَاصَ الْخَاشِعِينَ وَ يَقِينَ الْمُتَوَكِّلِينَ وَ تَوَكُّلَ الْفَائِزِينَ وَ فَوْزَ الْمُكْرَمِينَ وَ تَفَكُّرَ الذَّاكِرِينَ وَ

اخلاص،توکل کرنے والوں جیسا یقین، کامیاب افراد کی طرح کا توکل، مکرم افراد کی طرح کامیابی، ذکر کرنے والوں کی طرح غور وفکر، عاجزی کرنے

ذِكْرَ الْمُخْبِتِينَ وَ إِخْبَاتَ الْمُسْتَقِيمِينَ وَ اِسْتِقَامَةَ الْمُهْتَدِينَ وَ هُدَى الْمُسْلِمِينَ وَ إِسْلَامَ

والوں کی طرح کا ذکر، ثابت قدم افراد کی طرح انکساری، ہدایت پانے والوں کی طرح ثابت قدمی، سر تسلیم خم کرنے والوں کی طرح ہدایت اور مؤمنین

الْمُؤْمِنِينَ وَ اجْعَلْ ذٰلِكَ خَالِصاً بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ يَا رَبَّ الْخَيْرِ كُلِّهِ بِيَدِكَ الْخَيْرُ كُلُّهُ وَ

جیسا اسلام وتسلیم کا خواستگار ہوں اور ان سب کو خالص قرار دے اپنی رحمت کے صدقے میں اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔اے تمام خیرو

عِنْدَكَ (الْخَيْرُ كُلُّهُ بِيَدِكَ وَ عِنْدَكَ) وَ خَابَ مَنْ كَانَ دُعَاؤُهُ لِغَيْرِكَ وَ كُلُّ خَيْرٍ نِيلَ أَوْ أُصِيبَ فَمِنْ

خوبیوں کے پروردگار، تیرے ہاتھ میں اور تیرے پاس ہی سب خیر وخوبی ہے، نامراد ہے وہ جس نے تیرے غیر سے مانگا۔جو بھی خیر کسی کو پہنچتی ہے یا

خَيْرِ فَضْلِكَ إِلٰهِي وَ سَيِّدِي فَأَعْطِنِي مِنْ فَضْلِكَ وَ سَعَةِ رَحْمَتِكَ غُفْرَانَ خَطِيئَتِي وَ سَتْرَ عَوْرَتِي وَ

نصیب ہوتی ہے وہ سب تیرے فضل کی خیرات ہوتی ہے۔اے میرے معبود اور میرے آقا! مجھے اپنے فضل اور وسیع رحمت سے عطا فرما، میری

إِقَالَةَ عَثْرَتِي وَ تَحْقِيقَ رَجَائِي وَ بُلُوغَ أَمَلِي فَإِنَّكَ ثِقَتِي وَ عُدَّتِي وَ أَنْتَ حَسْبِي وَ كَفَى وَ نِعْمَ الْوَكِيلُ وَ

خطائیں معاف فرما، میری پردہ پوشی فرما، لغزشوں سے چشم پوشی فرما، میری امید کو برلا، میری آرزو کو پورا کردے چنانچہ تو ہی میرا مورد اعتماد اور سہارا ہے

لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ سُبْحَانَكَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ اَللّٰهُمَّ إِنِّي

اور تو میرے لیے کافی ہے اور تو عمدہ کارساز ہے۔اللہ کے سوا کوئی طاقت اور قوت نہیں، تو پاک ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں، بے شک میں ظالموں میں

أَسْتَوْدِعُكَ نَفْسِي وَ دِينِي وَ مَالِي وَ وَلَدِي وَ كُلَّ ضَيْعَةٍ هِيَ لِي وَ إِخْوَانِي فِيكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ وَ

سے ہوں۔اے اللہ! میں اپنے آپ، اپنے دین، اپنے مال، اپنی اولاد، اپنی تمام جائیداد اور اپنے مؤمن بھائیوں کو تیرے سپرد کرتا ہوں اور ان سب

أَسْتَحْفِظُكَ ذٰلِكَ كُلَّهُ فَإِنَّهُ لَا يَضِيعُ ضَيْعَةٌ عَلَيَّ وَ أَنْتَ حَافِظٌ بَلْ أَنْتَ خَيْرٌ حَافِظاً وَ أَنْتَ أَرْحَمُ

کی حفاظت کا تجھ سے خواہاں ہوں کیونکہ اگر تو میرا محافظ ہو تو میری کوئی چیز بھی ضائع نہیں ہوگی اور تو بہترین محافظ ہے اور تو سب سے زیادہ مہربان ہے۔

الرَّاحِمِينَ وَ كَفَى بِكَ صَاحِباً اَللّٰهُمَّ اُذْكُرْنِي وَ جَمِيعَ الْمُؤْمِنِينَ وَ الْمُؤْمِنَاتِ وَ الْمُسْلِمِينَ وَ

اور تو ہی بطور ساتھی کافی ہے۔اے اللہ! مجھے، تمام مؤمنین، مؤمنات، مسلمین اور مسلمات کو (آسمانوں پر) اعلیٰ محفل میں نیکی کے ساتھ یاد فرما، میرے

الْمُسْلِمَاتِ فِي الْمَلَأِ الْأَعْلَى بِخَيْرٍ وَ أَوْجِبْ لِي وَ لَهُمْ مِنْ رَحْمَتِكَ أَفْضَلَ مَا أَوْجَبْتَ لِأَحَدٍ مِنْ

لیے اور ان کے لیے اپنی رحمت کو اس سے بھی بہتر لازم قرار دے جو تو نے اپنے کسی صالح بندے کے لیے لازم کی ہے۔اے اللہ! میری اور میرے

عِبَادِكَ الصَّالِحِينَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي وَ لِوَالِدَيَّ وَ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيراً وَ أَجْزِهِمَا عَنِّي خَيْراً وَ

والدین کی مغفرت فرما اور ان دونوں پر رحم فرما جس طرح انہوں نے مجھے بچپن میں پالا ہے، میری طرف سے انہیں خیر وبھلائی کی جزاء عطا فرما اور مجھے صالحین

أَلْحِقْنِي بِالصَّالِحِينَ وَ عَرِّفْ بَيْنِي وَ بَيْنَهُمْ فِي مُسْتَقَرِّ رَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ اَللّٰهُمَّ اِفْتَحْ

سے ملحق فرما اور میرے اور ان کے درمیان اپنی رحمت کے مسکن میں آشنائی قرار دے۔ اے اللہ! ہمارے لیے خیر جاری فرما، ہمارا خاتمہ خیر پر فرما اور ہمیں

لَنَا بِخَيْرٍ وَ اخْتِمْ لَنَا بِخَيْرٍ وَ اجْعَلْنَا مِنْ أَهْلِ الْخَيْرِ اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَ قُدْرَتِكَ عَلَى الْخَيْرِ

اہل خیر میں سے قرار دے۔ اے اللہ! اپنے علم غیب اور خیر پر اپنی قدرت کے صدقے میں جب تک تو جانتا ہے کہ میرا زندہ رہنا خیر اور بہتر ہے مجھے زندہ

أَحْيِنِي مَا عَلِمْتَ الْحَيَاةَ خَيْراً لِي اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَشْيَتَكَ فِي الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ وَ كَلِمَةَ الْعَدْلِ فِي

رکھ۔ اے اللہ! میں تجھ سے پنہاں اور آشکارا تیرے خوف کا اور خوشی اور غضب کی حالت میں انصاف والے فیصلہ کا سوال کرتا ہوں۔ میں تجھ سے کبھی نہ ختم

الرِّضَا وَ الْغَضَبِ وَ أَسْأَلُكَ قُرَّةَ عَيْنٍ لَا يَنْقَطِعُ وَ أَعُوذُ بِكَ مِنْ ضَرَّاءَ أَوْ مَضَرَّةٍ أَوْ فِتْنَةٍ مُضِلَّةٍ وَ أَعُوذُ

ہونے والی آنکھوں کی ٹھنڈک چاہتا ہوں۔ میں تجھ سے رنج والم، نقصان، اور گمراہ کن فتنے سے پناہ چاہتا ہوں۔ میں تجھ سے تیری طرف سے رسوائی،

بِكَ مِنْ خِزْيِكَ وَ كَشْفِ سِتْرِكَ وَ نِسْيَانِ ذِكْرِكَ اَللّٰهُمَّ إِنِّي فِي كَنَفِكَ وَ حِفْظِكَ وَ حِرْزِكَ فِي لَيْلِي وَ

پردے کے فاش ہونے اور تیری یاد کو بھلانے سے پناہ مانگتا ہوں۔ اے اللہ! میں اپنے دن، رات، نیند، بیداری، سفر اور حضر میں تیرے سایے، تیری

نَهَارِي وَ نَوْمِي وَ قَرَارِي وَ ظَعْنِي وَ أَسْفَارِي ذِكْرُكَ شِعَارِي وَ دُعَاؤُكَ دِثَارِي لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ تَنْزِيهاً

حمایت اور حفاظت میں ہوں، تیرا ذکر میرا اوڑھنا ہے اور تیری دعا میرا بچھونا ہے۔ تیرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں۔ پاکیزگی ہے تیرے عظیم

لِوَجْهِكَ الْعَظِيمِ أَجِرْنِي مِنْ عَذَابِكَ الْأَلِيمِ وَ مِنْ شَرِّ أَعْدَائِكَ وَ أَضِفْ عَلَيَّ سُرَادِقَاتِ حِفْظِكَ

چہرے (ذات) کے لیے، مجھے اپنے دردناک عذاب سے اور اپنے دشمنوں کی برائی سے اپنی پناہ عطا فرما اور اپنی حفاظت کے پردوں سے مجھے ڈھانپ

سُبْحَانَكَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْإِكْرَامِ بِكَ آمَنْتُ وَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَ إِلَيْكَ حَاكَمْتُ وَ أَنْتَ حَسْبِي وَ كَفَى

دے۔ پاک ہے تو اے بزرگی اور عزت و کرامت والے۔ میں تجھ پر ایمان لایا ہوں اور تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں اور تجھ سے اپنا فیصلہ کراتا ہوں اور تو ہی

وَ نِعْمَ الْوَكِيلُ وَ لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَى رَسُولِهِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

میرے لیے کافی اور وافی ہے اور بہترین کارساز ہے۔ اللہ کے سوا کوئی قدرت و طاقت نہیں جو کہ بلند و برتر اور عظیم ہے۔ اللہ کا اپنے رسول ہمارے آقا نبی

النَّبِيِّ وَ آلِهِ وَ سَلَّمَ۔

اکرم محمد اور ان کی آل پر درود و سلام ہو۔

۴۔ انتیسویں دن کی خاص دعا:

اَللّٰهُمَّ غَشِّنِي فِيهِ بِالرَّحْمَةِ وَ ارْزُقْنِي فِيهِ التَّوْفِيقَ وَ الْعِصْمَةَ وَ طَهِّرْ قَلْبِي مِنْ غَيَاهِبِ التُّهَمَةِ

اے معبود! آج کے دن مجھے رحمت سے ڈھانپ دے اس میں مجھے نیکی کی توفیق اور برائی سے تحفظ نصیب فرما اور میرے دل کو تہمت تراشی کی تاریکیوں سے

يَا رَحِيماً بِعِبَادِهِ الْمُذْنِبِينَ۔

پاک کردے، اے اپنے گناہگار بندوں پر بہت مہربان۔